# (موطا امام محمد)

## فائدہ اولیٰ :

سوال نمبر1: فائدہ اولیٰ کس چیز کے بارے میں ہے ۔

(الف) تدوینِ حدیث (ب) بیانِ اوقات (ج) کتاب الصلوۃ (د) کتاب الزکوۃ

سوال نمبر2: زمانہ صحابہ میں احادیث مدون نہ ہونے کی --------- وجہ ہیں ۔

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر3: صحابہ کرام علیہم السلام نے تدوین حدیث کو -------- کی وجہ سے ترک کیا ۔

(الف) قرآن سے اختلاط (ب) حفظ پراعتماد (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر4: ابنِ حجر کے قول کے مطابق تدوینِ حدیث کب ہوئی ؟

(الف) عہدِ نبوی (ب) عہدِ صحابہ (ج) عہدِتابعین (د) عہدِتبع تابعین

سوال نمبر5: ابنِ حجر کے قول کے مطابق عہد تابعین کے کس سن میں تدوینِ حدیث کا آغاز ہوا ۔

(الف) اول ہجری (ب) دوم ہجری (ج) 2ہجری کا نصف (د) 3ہجری

سوال نمبر6: ابنِ حجر کے قول کے مطابق اول مدونِ حدیث کون ہیں ؟

(الف) ربیع بن صبیح (ب) سعید بن ابی عروبہ

(ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر7: حدیث مع الاحکام --------- نے جمع کیں ؟

(الف) طبقہ اولیٰ (ب) طبقہ ثانیہ (ج) طبقہ ثالثہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر8: امام مالک نے موطا میں کن کی سندیں ذکر کیں ۔

(الف) اہل کوفہ (ب) اہل بصرہ (ج) اہل شام (د) اہل حجاز

سوال نمبر9: مسند میں احادیث -------- کی ترتیب پر ہوتی ہیں ۔

(الف) مروی عنہ (ب) ابواب (ج) احکام (د) الف اور ب

سوال نمبر10: مسانید کی تصنیف کا آغاز کب ہوا ؟

(الف) 1 ہجری (ب) 2ھجری (ج) 2 کا آخر (د) 3 کا آغاز

سوال نمبر11: احادیثِ صحیحہ مسندہ مرفوعہ --------- پر مشتمل اول تصنیف ہیں ۔

(الف) موطا امام مالک (ب) صحیح بخاری (ج) صحیح مسلم (د) موطا امام محمد

سوال نمبر12: عہدِ صحابہ میں تدوینِ حدیث نہ ہونے کا مطلب ---------- نہ ہونا ہے ۔

(الف) بصورتِ کتاب (ب) بصورتِ ابواب (ج) بصورتِ احکام (د) تینوں نہیں

سوال نمبر13: علامہ جزری نے تصنیفِ حدیث کی کتنی اغراض ذکر کی ۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر14: ابواب کی ترتیب پر اول کتاب کس نے لکھی ۔

(الف) امام مسلم (ب) امام مالک (ج) امام محمد (د) امام ابو داؤد

سوال نمبر15: بغیر معرفتِ راوی کسطرح کی کتاب سے مطلوبہ حدیث حاصل کرنا ممکن ہے ۔

(الف) مسند والی (ب) ابواب کی ترتیب والی
(ج) غریب الفاظ والی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر16: امام سیوطی کے قول کے مطابق ابواب بندی کیساتھ مدینہ میں اول کتاب کس نے لکھی ۔

(الف) سعیدبن مسیب (ب) ابنِ شہاب (ج) امام بخاری (د) کوئی نہیں

سوال نمبر17: امام سیوطی کے قول کے مطابق کوفہ میں احادیثِ مسندہ پر اول کتاب کے مصنیف کون ہے ؟

(الف) امام مالک (ب) امام اعظم (ج) دونوں (د) عبیدللہ بن موسیٰ

سوال نمبر18: حضرت عمررضی اللہ عنہ نےحدیث کے اردہ سےپہلے ----- کیا ۔

(الف) استخارہ (ب) مشورہ (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر19:جنابِ عمررضی اللہ عنہ نےتدوینِ حدیث کا ارادہ ------- کیوجہ سےترک کیا ۔

(الف)اختلاط من القرآن (ب) اہلِ کتاب (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر20:ابوطالب مکی کےقول کےمطابق تدوینِ حدیث کس سن میں ہوئی ۔

(الف)130کےبعد (ب) 120کےبعد

(ج)130یا120کےبعد (د) کوئی نہیں

سوال نمبر21: ابوطالب مکی کےقول کےمطابق اول مدون کون ہیں ؟

(الف) ابنِ جریج (ب) ابنِ عیینہ (ج) سفیان ثوری (د) امام مالک

## فائدہ رابعہ:

سوال نمبر22: موطا امام مالک کو صحیح بخاری سے ------- نے اصح قرار دیا ۔

(الف) امام احمد (ب) امام شافعی (ج) امام رازی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر23: امام شافعی نے موطا کو کس کے مقابل اصح قرار دیا ۔

(الف) بخاری کے (ب) مسلم کے (ج) جامع سفیان (د) جامع ترمزی

سوال نمبر24: صحیح حدیث کے مراتب ہیں ۔

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر25: جمہور کے نزدیک کتاب اللہ کے بعد اصح --------- ہے ۔

(الف) مسلم (ب) بخاری (ج) ترمزی (د) ابوداؤد

سوال نمبر26: صحیح بخاری ، صحیح مسلم سے اصح ------ کے اعتبار سے ہے ۔

(الف) صحت (ب) ترتیب (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

سوال نمبر27: انقطاع کن کے نزدیک عیب ہے ۔

(الف) امام مالک (ب) امام ترمزی (ج) امام بخاری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر28: کن کے نزدیک انقطاع عیب نہیں ۔

(الف) امام مالک (ب) امام بخاری (ج) امام مسلم (د) امام ابوداؤد

سوال نمبر29: متصل اور منقطع میں اقوٰی کون ہے ۔

(الف) متصل (ب) منقطع (ج) کوئی نہیں (د) مساوی

سوال نمبر30: منقطع ، مرسل وغیرہ کو اصلِ کتاب میں ذکر کیا ۔

(الف) امام مالک ، امام بخاری (ب) امام مالک

(ج) امام بخاری (د) امام مسلم

سوال نمبر31: منقطع ، مرسل وغیرہ کو اصلِ کتاب میں ذکر نہیں کیا ۔

(الف) امام مسلم ، امام بخاری (ب) امام بخاری

(ج) امام مالک (د) کوئی نہیں

**<u>باب وقوت الصلوٰۃ:</u>**

سوال نمبر32: بالاتفاق ظہر کا وقت کب شروع ہوتا ہے ۔

(الف) طلوع شمس (ب) زوال شمس (ج) ایک مثل (د) دومثل

سوال نمبر33: امام اعظم کے نزدیک ظہر کا آخری وقت -------------- ہے ۔

(الف) دلوکِ شمس (ب) غروب شمس (ج) ایک مثل (د) دومثل

سوال نمبر34: صاحبین کے نزدیک ظہر کا آخری وقت --------------- ہے ۔

(الف) ایک مثل سےکچھ زائد (ب) دومثل

(ج) دلوکِ شمس (د) غروب شمس

سوال نمبر35: امام شافعی کے نزدیک ظہر کا آخری وقت ------------- ہے ۔

(الف) ایک مثل سےکچھ زائد (ب) دومثل

(ج) دلوکِ شمس (د) غروب شمس

سوال نمبر36: امام مالک کے نزدیک ظہر کا آخری وقت ------------- ہے -

(الف) ایک مثل کےفوراً بعد (ب) دومثل

(ج) دلوکِ شمس (د) غروب شمس

سوال نمبر37: امام اعظم کے نزدیک مغرب کا انتہائی وقت ---------- ہے -

(الف) شفقِ ابیض (ب) شفقِ احمر (ج) اصفارشمس (د) کوئی نہیں

سوال نمبر38: عندالامام فجر کا مستحب وقت -------- ہے -

(الف) اسفار (ب) صبح صادق (ج) صبح کاذب (د) کوئی نہیں

سوال نمبر39: عندالاحناف عشاء کا مستحب وقت ------- ہے -

(الف) نصف الیل (ب) ثلث الیل (ج) ربع الیل (د) آخر الیل

سوال نمبر40: عصر کو مؤخر کرنا عندالاحناف ---------- ہے -

(الف) افضل (ب) سنت (ج) مستحب (د) واجب

سوال نمبر41: صاحبین کے نزدیک مغرب کا انتہائی وقت ----------- ہے -

(الف) شفقِ ابیض (ب) شفقِ احمر (ج) اصفار شمس (د) کوئی نہیں

سوال نمبر42: عصر کو عصر کہنے کی وجہ ---------- ہے -

(الف) تاخیر (ب) تعجیل (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

**قراءت خلف الامام:**

سوال نمبر43: حضرت عمررضی اللہ عنہ کا قراءت خلف الامام کے متعلق مؤقف ہے -

(الف) قراءت کرے (ب) امام کی قراءت کافی

(ج) فاتحۃ الکتاب پڑھے (د) تینیوں نہیں

سوال نمبر44: عبد اللہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کا قراءت خلف الامام کے متعلق مؤقف ہے -

(الف) قراءت کرنا (ب) خاموش رہنا (ج) فاتحۃ الکتاب پڑھنا (د) تینیوں نہیں

سوال نمبر45: حضرت عمررضی اللہ عنہ قراءت خلف الامام والے کے متعلق کیا فرماتے ہے -

(الف) منہ میں پھتر (ب) انگارہ (ج) ناک خاک آلود (د) ہلاک ہو

سوال نمبر46: حضرت سعد رضی اللہ عنہ قراءت خلف الامام والے کے متعلق کیا فرماتے ہے -

(الف) منہ میں پھتر (ب) انگارہ (ج) ناک خاک آلود (د) ہلاک ہو

سوال نمبر47: عند الاحناف قراءت خلف الامام ----------- ہے -

(الف) جائز (ب) واجب (ج) ناجائز (د) سکوت

سوال نمبر48: قراءت خلف الامام والے کے متعلق امام مالک کا مؤقف --------- ہے -

(الف) سری میں کرے (ب) جہر میں کرے

(ج) سری میں فقط فاتحہ پڑھے (د) خاموش رہے

سوال نمبر49: قراءت خلف الامام والے کے متعلق امام شافعی کا مؤقف --------- ہے -

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) فقط فاتحہ پڑھے (د) فقط سورۃ

سوال نمبر50: خداج کا معنٰی --------- ہے -

(الف) نقصان (ب) ہلاک (ج) قتل (د) غارت

## صلاۃ الخوف:

سوال نمبر51: صلاۃ الخوف کس غزوہ میں مشروع ہوا -

(الف) بدر (ب) تبوک (ج) ذات الرقاع (د) کوئی نہیں

سوال نمبر52: صلاۃ الخوف کس ہجری میں مشروع ہوئی -

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر53: فیصلی بھم سجدۃً میں سجدۃً سے کیا مراد ہے -

(الف) رکوع (ب) سجدہ (ج) قراءت (د) رکعت

## کتاب الجنائز:

سوال نمبر54: " شدید البرد " کا معنٰی ہے ۔

(الف) شدید سردی (ب) شدید گرمی

(ج) تیز ہوا (د) کوئی نہیں

سوال نمبر55: بعدِ وفات عورت کا مرد کو غسل دینا ---------- ہے ۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مستحب (د) مکروہ

سوال نمبر56: امام محمد کے نزدیک غسلِ میت دینے والے پر غسل ------ ہے ۔

(الف) واجب (ب) مستحب (ج) مکروہ (د) ضروری نہیں

سوال نمبر57: " نَاخُذُ " کونسا صیغہ ہے ۔

(الف)واحد متکلم (ب) جمع متکلم (ج) واحد مذکر (د) فعلِ امر

سوال نمبر58: " صَائِمَۃٌ " کونسا صیغہ ہے ۔

(الف) اسمِ فاعل (ب) اسمِ مفعول (ج) اسمِ ظرف (د) اسمِ آلہ